# آپ کے پیمنٹ کارڈز کا تحفظ

## ممانعت و لائقِ کار

## ممانعت

### اپنے کوائف فراہم کرنا

ناقابلِ بھروسہ ذرائع کو اپنی معلومات دینے سے اجتناب کریں۔

### اپنا کارڈ فراہم کرنا

ادائیگیوں یا نقدی نکلوانے کے لیے اپنا کارڈ دوسروں کو نہ دیں۔

### عام فہم پن رکھنا

عام فہم پن یا ایک ہی پن کو لمبے عرصے تک استعمال کرنے سے اجتناب کریں کیونکہ اس کے باعث آپ خطرے سے دوچار ہوسکتے ہیں۔

### رسیدوں کو ضائع کرنا

اکاؤنٹ سے ادائیگیوں کا موازنہ کرنے میں رسیدیں معاون ہوسکتی ہیں لہٰذا انہیں پھینکنے سے اجتناب کریں۔

### نامناسب طریقے سے کارڈ ضائع کرنا

اپنے کارڈ کو ضائع کرتے وقت محتاط رہیے، کیونکہ ایسا نہ کرنے سے آپ جعلسازی یا غبن کا شکار ہوسکتے ہیں۔ اپنے کارڈ کو ضائع کرنے سے قبل اسے کم از کم چار سیدھے ٹکڑوں میں کاٹیں۔

## لائقِ کار

### اپنی شناخت کو محفوظ بنائیں

ادائیگی کے وقت اپنی شناخت خفیہ رکھنے کو یقینی بنائیں۔

### اپنے کارڈ کو محفوظ بنائیں

اپنے کارڈ کو حفاظت سے رکھیں اور جیسے ہی یہ آپ کو بینک سے موصول ہو، اس پر دستخط کریں۔

### اپنی ادائیگیوں کو محفوظ بنائیں

اپنے کارڈ کی تفصیلات صرف محفوظ اور قابلِ بھروسہ تاجروں اور ویب سائٹس کو فراہم کریں۔

### اپنی اسٹیٹمنٹس کا جائزہ لیں

اپنے کارڈ کے ذریعے ہونے والی ادائیگیوں کا ہمیشہ ریکارڈ رکھیں اور ان کا باقاعدگی سے موازنہ کریں۔

### شکایت درج کرائیں

اپنا کارڈ چوری، لٹنے یا گم ہونے کی صورت میں یا پھر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ میں کسی مشکوک لین دین کے انکشاف پر فوری طور پر اپنے بینک میں شکایت درج کرائیں۔

شعبہ بینکاری طرزِ عمل اور تحفظ صارف ، بینک دولت پاکستان

پتہ: آئی آئی چندریگر روڈ کراچی فون: +92-21-111-727-273 ای میل: cpd.helpdesk@sbp.org.pk